اصحاب کہف کے نام

يَمْلِيْخَا۔مَکْسَلْمِيْنَا۔کَشْفُوْطَطْ۔تَبْيُوْنَسْ۔آذَرْفَطْيُوْنَسْ ۔ کَشَا فَطْيُوْنَسْ۔
يُوَانَسْ بُوْس وِاسْمُ کَلْبُهُمْ قِطْمِيْر

ان کے کتے کا نام قطمیر ہے۔

فوائد وخواص

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ جو کوئی سفر وحضر میں یہ اسماء اپنے ساتھ رکھے، وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے اور جس نے ہمیشہ پڑھا، اللہ تعالیٰ اس کے ماں باپ اور اقر باء ستر افراد کو بخشے گا ۔ اور اسے سفر کرنے میں ہر گز کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور پیٹ درد اور ستر ہزار بلائوں سے امن میں رہیگا۔

*اور جو ان اسماء مبارک کولکھ کر مکان کی چھت میں چھپا دے یا کسی بھی چیز میں رکھے ،وہ آگ سے نہ جلے اور اگر کسی جگہ آگ لگ گئی ہو تو ایک سفید کپڑے میں یہ اسماء لکھ کر اور اس میں دو تین سنگریز ے باندھ کر آگ میں ڈالدیں۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے آگ بجھ جائے گی۔

* اور اگر لکھ کر خزانہ کے درمیان رکھے تو چرائے جانے اور جلنے اورغرق ہونے سے محفوظ رہے ۔

* اور اگر کسی لکڑی پر باندھ کر کھیت میں گاڑ و تو ٹڈی اور چوہا نقصان نہ پہنچائیں ۔

*اور اگر نئے مٹی کے کو زہ پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر ے تو چوہے اس کھیت سے بھاگ جائیں ۔

*اگر ان ناموں کو کتاب میں رکھے تو چوہے اور کیڑے وغیرہ نقصان نہ پہنچائیں ۔

*اوراگران ناموں کو نئی کوری ٹھیکری پر لکھ کر گندم وغیرہ کے ذخیرہ میں رکھے تو کیڑا نہ کھائے، اگر چہ پانی وہاں آجائے لیکن نقصان نہ پہنچائے ۔

* اگر کاغذ پر دردِزہ کی سختی دور کرنے کے واسطے لکھ کر عورت بائیں ران پر باندھے یا دھو کر پئے تو جلدی خلاصی ہو۔

*اور اگر کوری نئی ٹھیکری پر لکھ کر زمین پر رکھے اور دونوں ہاتھونسے قوت سے زور لگائے، حتیٰ کہ ٹھیکری ٹوٹ جائے تو فوراً خلاصی ہو اور دردِزہ کی سختی دور ہو جائے ۔

* اگر بارش کے غلبہ سے زمین خراب ہو گئی ہو تو چاہئے کہ کوری ٹھیکری کے درمیان یہ اسماء مبارک لکھ کر اس جگہ رکھے اور اس کا سر مضبوط باندھ کر جس جگہ پانی ہو، وہاں دفن کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بارش زمین کو خراب نہ کرے ۔

*اگر لکھ کر کمان کے قبضہ میں باندھے، ایک قول کے مطابق کمان کے قبضہ پر لکھے تو تیر سیدھا جائے۔

* اور اگر کوئی حاجت ہو، ایک دوگانہ ادا کرکے ان مبارک ناموں کو گیارہ مرتبہ پڑھے تو مقصد کیلئے سفارشی ٹہریں۔ اس کے فضل سے حاجت پوری ہو۔ اول وآخر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے ۔

* اگر کسی کے پاس یہ نام ہوں تو جنگ میں فتح یاب ہو اور اسے نقصان نہ پہنچے ۔

*اگر کنواں خشک ہو گیا ہو تو ان اسماء کو ٹھیکری پر لکھ کر کنواں میں ڈالدے، انشاء اللہ کنواں میں پانی آجائیگا۔

*اگر یہ اسماء لکھ کر تپ زدہ اور دردِ سر اور دردِ سینہ والے کو باندھے تو صحت پائے۔

* اور اگر یہ اسماء اپنے پاس رکھے تو حکام ، امر اء اور احباب میں عزیز ہو، کسی قسم کی تکلیف اور چور سے محفوظ رہے ۔

* اور اگر کسی کو دردِکمر یا پیٹ کا درد ہو ، وہ لکھ کر کمر میں باندھے اورایک لکھ کر دھو کر پیئے تو صحت پائے ۔

ان اسماء مبارک کی خاصیت بہت زیادہ ہیں۔ جس امر میں بھی کرے، مؤثر آتے ہیں ۔

جادو کا خاتمہ

اصحاب کہف کے یہ نام 41 بار صبح اور شام 40یوم پڑھیں۔ آنکھوں سے کرشمہ ونظارہ رکھیں ۔

ہر مشکل کا حل دولت حاصل کرنیکا عمل

ہر جمعہ کو سورہ ٔکہف پڑھیں اور دعا مانگیں کہ” اے اللہ تعالیٰ! اس سورت مبارکہ کے طفیل میں، میری مشکل حل فرما ۔‘‘انشاء اللہ پانچویں جمعہ کو آپ کی مراد بر آئے گی۔
دیگر ہر قمری ماہ کی نو چندی جمعرات کو اصحاب کہف کی نیاز دلائیں۔ چند ماہ بعد آپ کی پر نور ہستیوں کے طفیل میں قسمت بدل جائے گی۔ دولت وعزت کی ریل پیل ہوگی۔ گھر میں امن وخوشیوں کا گہوارہ ہوگا ۔ دولت سے کھیلو، خوشیوں سے نہائو ۔ (اسباب کے درجہ میں عقیدہ رکھیں-ع(

نوع دیگر : اصحاب کہف کی ترتیب اور اسماء کے خواص

امام بونی رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ یہ آٹھ نام ہر کام پر مجرب آتے ہیں۔
یملیخا معنی اس کا ہے ” اچھی صورت والا ‘‘ ۔ اور اس کے اعداد چھ سو اکانوے(۶۹۱) ابجد کے حساب سے ہوتے ہیں۔ جس کسی کے نام سے اس اسم کوشکل مربع میں کوری

ٹھیکری پرپُر کرکے زیرِ زمین دفن کرے تو وہ شخص اس کا عاشق ہو جائیگااور ایک ساعت بھی اس کے بغیر نہیں رہے گا۔

مکسلیمنا اس کا معنی ’’تندرست ‘‘ ،’’خوش بخت ‘‘ ہے۔ اس کے اعداد دو سو اکیا ون(۲۵۱) ہوتے ہیں ۔ گھوڑے کے گلے میں باندھے تو شرارت نہ کرے اور اگر اسے مربع یا مثلث میں پر کر کے کشتی میں باندھے تو ہر گز غرق نہ ہو۔ اور نئی ٹھیکری میں لکھ کر آگ میں رکھے تو اس کی برکت سے آگ سرد ہو جائے ۔ اور اگر اسے لکھ کر رومال میں باندھے تو جمیع موذی آفات سے اللہ تعالیٰ کی امان (حفاظت)میں رہے گا۔

کشفوططاس کا معنی ’’ کسی چیز کا آسان کرنیوالا ‘‘ ہے۔ اس کے اعداد چار سو چو بیس(۴۲۴) بنتے ہیں ۔ جو کوئی اسے مربع یا مثلث میں لکھ کر تین دن تک دریا کے پانی میں ڈالے تو جو کام اور مہم بھی ہوگا، آسان ہو جائے گا۔ اور قیدی نجات پائے گا۔

تبیونس اس کا معنی ’’ طاقتور ‘‘ ہے اور اعداد بحساب ابجد پانچ سو اٹھا ئیس)۵۲۸ (بنتے ہیں۔ جو کوئی اسے مربع یا مثلث میں لکھ کر گلے میں باندھے تو تمام امراض سے صحت پائے ۔

آذرفطیونس اس کا معنی ’’ لائق ‘‘ ہے اور بحساب ابجد اس کے اعداد چار سو تئیس (۴۲۳)ہوتے ہیں ۔جو کوئی ان اعداد کو مربع یا مثلث میں شرفِ آفتاب یا مشتری میں پر کر کے اور چاندی میں لپیٹ کر دائیں بازو میں باندھے تو مخلوق کے درمیان عزیز اور محترم ہو جائے اور ہر کوئی اسے دوست رکھے اورجس کے نام پر پُر کرے، وہ مطیع ومسخر ہو جائے ۔

کشا فطیونس اس کا معنی کسی چیز کو ’’ جذب (کشش)کر نے والا‘‘ ہے ۔ اس کے اعداد بحساب ابجد پانچ سو چھتیس (۵۳۶)ہیں ۔ جو کوئی ان اعداد کو مربع یا مثلث میں جس کسی کے نام سے زہرہ یا مشتری کی ساعت میں پر کرے اور بد ستور اپنے پاس رکھے یا آگ کے نیچے دفن کرے ، اگروہ شخص ہزار کو س بھی دور ہو تو دیوانہ ہو کر اس کے سامنے حاضر ہو ۔

قطمیر کتے کا نام ہے ۔ اس کا معنی تھوڑی چیز سفید کھال جیسے ہڈیاں ہوتی ہیں اور اس کے اعداد تین سوا نسٹھ (۳۵۹)بنتے ہیں ۔ جو کوئی اسے دوشخصوں کے درمیان جدائی ڈالنے کیلئے زحل یا مریخ کی ساعت میں لکھ کر پلائے تو جدائی واقع ہو جائے اور اگر

پلانا نا ممکن ہو تو ایک چھوٹی روٹی گندم کے آٹے کی پکا کر اور اس پر مربع پُر کر کے کتے کو کھلا دے، مقصد حاصل ہوگا۔ ہفتہ کے دن سے منگل کے دن تک دیگر نزولِ آفتاب کے وقت مرض ناروکے دفع کرنے کے واسطے عمل کرے ۔ اگرنا رو کے گرد پاک ڈھیلے سے '' قطمیر '' نام لکھے تو نارودفع ہو جائے ۔ اور امام بونی رحمۃا للہ علیہ نے لکھا ہے کہ فوائد عامہ کیلئے جو خاصیت اسم میں ہے، وہی نقش میں ہے اور دفینہ کی حفاظت اور مال واسباب جو کچھ بھی ہو، اس کی حفاظت کیلئے مربع مؤثر ہے ۔

اسماء مبارک اصحاب کہف لکھنے اور پڑھنے کا طریقہ

اسماء مبارک اصحاب کہف لکھنے اور پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اِلٰہی بِحُرْمَت یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنَسْ ۔ آذَرْفَطْیُوْنَسْ ۔ کَشَا فَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْ بُوس واِسْمٌ کَلْبُهُمْ قَطْمِیْر وَ عَلَی اللّٰهِ قَصْد السَّبِیْل وَ مِنْهَا جَائِر وَ لَو شَاءَ اللّٰہ لَھَداکُمْ اَجْمَعِیْن فَا للّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظاً وَ هُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

جس مطلب کیلئے بھی یہ اسماء مبارک لکھے اور اس مطلب کے نیچے یہ مضمون مثبت کرے '' اللہ کے فضل اور ان اسماء کی برکت سے '' فلاں حاجت'' پوری ہو ۔ (تو حاجت بر آئے)''ان شاء اللہ اور صاحب عمل کوئی وقت معین کر کے ہمیشہ اسے ایک سو پندرہ(115) مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیار ہ مرتبہ درود شریف پڑھے ۔

<u>توشہ اصحاب کہف</u>

بے ہڈی کا گوشت 4حصے ۔ گندم کا آٹا 4حصے۔ گائے کا گھی ا حصہ ۔ پیاز اور دوسرے مصالحہ جات بقدر ضرورت پکا کر سات لوگوں اور ایک سیاہ کتے کو کھلائے

اقبال احمد نوری رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ گھر میں لڑائی جھگڑا ختم کرنے محبت سب کو ایک نیک کرنے کے لئے اگر اصحابے کہف کے اسماء کا سات مرتبہ شربت چائے یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے پلا دیا کریں میاں بیبی اولاد بہن بھائی سب میں محبت ھو ان شاء اللہ
اجازت عام ہے
دعاگو صوفی خالد قادری